4



4823CH04

# بَرسات

وہ دیکھو اُٹھی کالی کالی گھٹا
ہے چاروں طرف چھانے والی گھٹا


گھٹا کے جو آنے کی آہَٹ ہوئی
ہَوا میں بھی اک سَنسَناہٹ ہوئی

گھٹا آن کر مینہ جو برسا گئی
تو بے جان مِٹّی میں جان آگئی

زمیں سبزے سے لہلہانے لگی
کِسانوں کی محنت ٹھکانے لگی

جڑی بوٗٹیاں، پیڑ آئے نکل
عجب بیل پتّے، عجب پھوٗل پَھل

ہر اک پیڑ کا اک نیا ڈھنگ ہے
ہر اک پھوٗل کا اک نیا رنگ ہے




© NCERT not to be republished

ہزاروں پُھدکنے لگے جانور
نِکل آئے گویا کہ مِٹّی کے پر

جہاں کل تھا میدان چٹّیل پڑا
وہاں آج ہے گھاس کا بَن کھڑا

یہ دو دِن میں کیا ماجَرا ہوگیا
کہ جنگل کا جنگل ہَرا ہوگیا

(اسمٰعیل میرٹھی)



© NCERT not to be republished

## مشق

I پڑھیے اور سمجھیے:

سَنسَناہٹ : وہ آواز جو ہَوا کے چلنے سے پیدا ہوتی ہے
آن کر : آ کر
مینہ : بارش
سبزہ : ہریالی
لہلہانا : سبزے یا درختوں کی ڈالیوں کا ہَوا سے ہلنا، لہرانا
محنت ٹھکانے لگنا (محاورہ) : کامیاب ہوجانا

| | | |
|---|---|---|
| عجب | : | انوکھا |
| گویا | : | جیسے |
| پَر نِکل آنا (محاورہ) | : | اُڑنے کے قابل ہوجانا |
| چٹیل میدان | : | وہ میدان جہاں کوئی درخت یا ہریالی نہ ہو |
| بن | : | جنگل |
| ماجرا | : | قصّہ، واقعہ، حال |

## II سوچیے اور بتایئے:

1۔ گھٹا کے آنے کا پتا کیسے چلتا ہے؟

2۔ بے جان مِٹّی میں جان کس وجہ سے آئی؟

3۔ بَرسات سے کسان کو کیا فائدہ ہوا؟

4۔ ’’ہر اک پیڑ کا اک نیا ڈھنگ ہے‘‘ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

5۔ برسات کی وجہ سے جنگل کیسا ہوگیا؟

## III نظم کے مطابق شعر مکمل کیجیے:

(الف) زمیں سبزے سے لہلہانے لگی

..............................

(ب) ہر اک پیڑ کا اک نیا ڈھنگ ہے

..............................

(ج) ہزاروں پھُدکنے لگے جانور

..............................

(د) جہاں کل تھا میدان چٹیل پڑا

..............................

(د) یہ دو دِن میں کیا ماجرا ہوگیا

..............................



© NCERT not to be republished

## IV غور سے پڑھیے:

ان لفظوں میں 'کِسان' واحد ہے یعنی ایک کے لیے اور 'کِسانوں' جمع ہے یعنی ایک سے زیادہ کے لیے۔ اسی طرح نیچے دیے ہوئے واحد کی جمع بنائیے:

پیڑ　　پھول　　جانور　　میدان　　جنگل　　ہزار


## V مثال کے مطابق نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے صحیح جوڑ بنائیے:

مثال: جڑی　　بوٗٹی

پیڑ　　پھول　　بیل　　ڈھنگ

پھل　　بوٗٹے　　پوٗدے　　رنگ

## VI نیچے چار پھلوں کے نام بے ترتیب حروف میں دیے گئے ہیں انھیں تلاش کر کے لکھیے:




1۔ ..............................

2۔ ..............................

3۔ ..............................

4۔ ..............................

## VII بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے:

سَنسناہٹ　　لہلہانے　　عجب　　چٹیل　　جنگل　　ہزاروں　　سبزہ　　زمین

## VIII عملی کام:

- نظم 'برسات' سے متعلق چند جملے لکھیے۔

© NCERT not to be republished